Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۲ ربیع الثانی ۱۳۵۳ھ مطابق ۴ اگست ۱۹۳۴ء { جلد ۲۳

حصہ دوم

احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

۱	احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر	۲و۳	۵	فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ	۸و۹
۲	حکم اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر	۳	۶	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۱۰
۳	احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۴تا۶	۷	نقشہ نرخنامہ اجناس	۱۱
۴	احکام اجلاس صاحب پولٹیکل منسٹر بہادر	۷	۸	نقشہ بارش	۱۲

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

واگذاشت

واقعہ ۲۳ جولائی ۱۹۳۲ء

نقل حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر
وتحریر اجلاس ہذا دربارہ واگذاشت کورٹ
لوک نراین نابالغ ساکن قصبہ ٹانڈہ بوجہ داخل
سرٹیفکٹ بلوغیت مصدقہ چیف میڈیکل افسر صاحب

لوک نراین ساکن قصبہ ٹانڈہ نے اپنی بلوغیت کا سرٹیفکٹ صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر کا پیش کر کے واگذاشت کورٹ کی استدعا کی ہے۔ صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے لکھا ہے کہ لوک نراین خود کام کا اہل ہے اور بعد داخل سرٹیفکٹ بلوغ قانوناً کورٹ قابل واگذاشت ہے لہذا حسب تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر کورٹ لوک نراین واگذاشت کیا جانا منظور ہے کاغذات ہذا جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی خدمت میں اور ایک نقل جناب فائننس سکریٹری بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔ کورٹ کے حسابات مرتب کرا کر لوک نراین کو سمجھا دیے جائیں۔ اور حسابات سمجھ لینے کے متعلق اوس سے تحریر حاصل کی جائے

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

بموجب حکم اجلاس جناب صاحب چیف منسٹر بہادر کورٹ لوک نراین واگذاشت کیا جائے اور تحصیلدار صاحب ٹانڈہ و تحصیلدار صاحب ملک جناب ڈائرکٹر صاحب بہادر کو با جرائے احکام اطلاع دیجائے۔ اور مطابق قانون کورٹ آف وارڈس حسب دفعہ ۱۵ گزٹ میں شائع کیا جائے۔ مطبع کو نقل بھیجی جائے۔ بعد اجرائے احکام واپس اجلاس کیا جائے۔ ۳۰ جولائی ۱۹۳۲ء

دستخط خاص صاحب ریونیو منسٹر بہادر

اخراج اسم

واقعہ ۳۰ جولائی ۱۹۳۲ء

مولوی مظفر علی خاں صاحب پنشندار کا ۲۴ جولائی ۱۹۳۲ء کو انتقال ہوگیا ہے۔ مرحوم کو مبلغ چالیس روپیہ ماہوار پنشن ملتی تھی۔ تار منسلکہ بجکر ۲۵ منٹ پر لکھنو سے چلا ہے۔ لہذا ۲۵ جولائی ۱۹۳۲ء سے نام خارج کیا جائے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

اطلاع

ہر خاص و عام کو اطلاع دیجاتی ہے کہ بنظر سہولت یہ انتظام کر دیا گیا ہے کہ امتحان مقابلہ ملازمت گورنمنٹ ہند و صوبہ کی فیس جو خزانہ مرادآباد و بریلی میں عموماً داخل کرنا پڑتی ہے۔ آئندہ سے امپریل بنک رامپور میں داخل کیجائے اور چالان داخلہ فیس دیدیا جائے بنک مذکور کوئی مزید فیس نہیں لے گا۔

آئندہ سے جملہ فیس امتحان مقابلہ کی جو گورنمنٹ ہند کے خزانہ میں داخل کرنا پڑتی ہو وہ اب بنک میں جمع ہو سکتی ہے۔

تبدیلی

۱۴ جولائی ۱۹۳۳ء

مہابیر پرشاد محرر مشاہرہ دار صیغہ ریکارڈ جو ڈی کام ہے۔
عالیجناب نواب ولیعہد بہادر کے صیغہ سے بہ تنخواہ موجودہ
فائنانس ڈپارٹمنٹ میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ سررشتہ متعلقہ
سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

بحالی

یکم اگست ۱۹۳۳ء

منشی وزیر احمد نقشہ نویس تعمیرات ۹ جون ۱۹۳۳ء
سے معطل ہوتے تھے۔ صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے
بمعافی قصور نامبردہ کو بحال کئے جانے کی سفارش کی ہے۔
لہذا حسب تحریر جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر۔
منشی وزیر احمد مذکور کو بحال کیا جانا منظور ہے۔ ایام معطلی
کی تنخواہ ذریعہ تمدید آورد ولادی جائے۔ سررشتہ متعلقہ
سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

تقرر

واقع ۳ اگست ۱۹۳۳ء

محمد صدیق خاں معلم قیدیان کو جیلر صاحب مستقل کرانا
نہیں چاہتے۔ مدت ختم ہوگئی اوسکی جگہ دوسرے کسی
شخص کے تقرر کے لئے رپورٹ کرتے ہیں۔
سروس سیلکشن بورڈ سے تین شخصوں کے نام آئے ہیں
اوس میں سے الیاس خاں جو مدرسہ عالیہ کا سند یافتہ
اور باشندہ رامپور ہے۔ معلم قیدیان بمشاہرہ پندرہ روپیہ
ماہوار مقرر کیا جاتا ہے۔

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

توسیع

(واقع ۲۵ر جولائی ۱۹۳۲ء)

ثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور بابت توسیع مدت ملازمت حمید الدین خاں زائد نائب تحصیلدار مشاہرہ پچاس روپیہ از ۲۶ر جولائی ۱۹۳۲ء بوجہ ختم ہو جانے مدت سابقہ دو ماہ تاریخ ۲۵ر جولائی ۱۹۳۲ء

(مرسلہ ناظم صاحب حلقہ شمالی)

حکم

حسب سفارش ناظم صاحب بہادر شمالی و تحصیلدار صاحب بلاسپور منشی حمید الدین خاں نائب تحصیلدار کی ملازمت میں دو ماہ کی توسیع منظور ہے احکام جاری ہوں۔

(دستخط فارسی صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

اضافہ

(واقع ۲۶ر جولائی ۱۹۳۲ء)

ثبتہ رپورٹ ہیڈ اکاؤنٹنٹ صاحب صیغۂ مال بدیں خلاصہ کہ رپورٹ ڈائرکٹر صاحب بہادر کا غذات دیہی درست ہے۔ ترلوکی ناتھ گرداور قانون گو ے کا اضافہ بجٹ میں اجلاس ہمایوں سے من ابتدائے یکم مئی ۱۹۳۲ء منظور ہو چکا ہے اور رقم موجود ہے ہنوز اجرائے احکام نہیں ہوا ہے بربنائے رپورٹ ترلوکی ناتھ مذکور باستدعائے اجرائے احکام اضافہ بوجہ نہ ملنے رقم اضافہ بسبب عدم اجرائے حکم مرسلہ ڈائرکٹر صاحب کاغذات دیہی

حکم

یکم مئی ۱۹۳۲ء سے اس اضافہ صہ روپیہ ماہوار کا اجراء کیا جائے۔ صدر کو مرسلہ ہو۔

(دستخط فارسی صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

رخصت

ثبتہ یادداشت ڈائرکٹر صاحب کاغذات دیہی بدیں خلاصہ کہ عبد الحمید نائب صدر سنصرم رخصت رعایتی پانچ یوم از ۱۶ تا ۲۰ جولائی ۱۹۳۲ء لیکر اپنے وطن گئے تھے۔ اب سولہ یوم کی رخصت مزید از ۲۱ر جولائی ۱۹۳۲ء لغایۃ ۵ر اگست ۱۹۳۲ء کی درخواست بھیجی ہے لہذا کل رخصت از ۱۶ر جولائی لغایۃ ۵ر اگست ۱۹۳۲ء کی درخواست بھیجی ہے غیر مستقل عملہ کو اس قدر رخصت رعایتی دیا جانا مناسب نہیں معلوم ہوتا۔ لہذا کل رخصت از ۱۶ر جولائی لغایۃ ۵ر اگست ۱۹۳۲ء بوضع تنخواہ شمار کئے جانے کے قابل ہے۔

حکم

حسب رائے ڈائرکٹر صاحب کل رخصت ۱۶ر جولائی لغایۃ ۵ر اگست ۱۹۳۲ء بوضع تنخواہ شمار کیجائے۔ رخصت مطلوبہ منظور ہے احکام جاری ہوں۔

۲۶ر جولائی ۱۹۳۲ء (دستخط فارسی صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

سبکدوشی

واقعہ ۲۶ جولائی ۱۹۳۳ء

مثبتہ یادداشت ڈائرکٹر صاحب زراعت بابت سبکدوشی محبوب عالم خاں۔ محمد سبطین۔ مبارک شاہ خاں بتاریخ ۳۱ جولائی ۱۹۳۳ء بعد دوپہر بوجہ اختتام میعاد ملازمت

حکم

رپورٹ جناب ڈائرکٹر صاحب منظور ہے احکام جاری ہوں۔ دستخط فارم صاحب ریونیو منسٹر بہادر

سبکدوشی

واقعہ ۲۶ جولائی ۱۹۳۳ء

مثبتہ یادداشت ڈائرکٹر صاحب زراعت بابت سبکدوشی سید علی حیدر رسیدہ ڈاک چپراسی منشی محمد صالح فیلڈ انسپکٹران از ۳۱ جولائی ۱۹۳۳ء بعد دوپہر بوجہ اختتام میعاد ملازمت

حکم

رپورٹ جناب ڈائرکٹر صاحب منظور ہے احکام جاری ہوں۔ دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

تقرر

واقعہ ۲۶ جولائی ۱۹۳۳ء

مثبتہ یادداشت ڈائرکٹر صاحب زراعت بابت تقرر محمد سبطین از کیم اگست ۱۹۳۳ء بجائے

عبداللہ شکور رخصتی محرر بندوبست۔

حکم

رپورٹ جناب ڈائرکٹر صاحب منظور ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط فارم صاحب ریونیو منسٹر بہادر

توسیع

واقعہ ۲۶ جولائی ۱۹۳۳ء

مثبتہ رپورٹ پیشکار اجلاس بابت مستقلی اسامی نائب ریکارڈ کیپر اجلاس مشاہرہ یابت پچیس روپیہ از بجٹ تو آبادی بعد اختتام میعاد سابقہ بتاریخ ۲۲ جولائی ۱۹۳۳ء

حکم

چونکہ اسوقت جناب ریونیو منسٹر صاحب بہادر نینی تال تشریف رکھتے ہیں لہذا صاحب موصوف کی واپسی پر مستقلی کی رپورٹ کیجائے۔ فی الحال کی میعاد میں دو ماہ کی توسیع منظور کیجاتی ہے۔ احکام جاری ہوں۔ دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

واقعہ ۲۹ جولائی ۱۹۳۳ء

حسب سفارش صاحب چیف انجینیر بہادر و تصدیق صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل ملازمان بجلی گھر مندرجہ تحت کی رعایتی رخصت منظور کیجاتی ہے۔

۱۔ محمد جان خاں مستری از ۲ جون ۱۹۳۳ء دس یوم۔

۲۔ چندا خاں وائرمین از ۲۱ رمئی ۱۹۳۴ء
مزید ایک ہفتہ۔

۳۔ لطافت علیخاں وائرمین از ۱۵ رجون ۱۹۳۴ء
پندرہ یوم۔

۴۔ اوجاگر سنگھ وائرمین از ۱۰ رجون ۱۹۳۴ء
ایک ماہ مشاہرہ دار ہے

بنا بر اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔
دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

تقرر

۳۰ رمئی ۱۹۳۴ء } موصولہ از دفتر ۲۴ مئی ۳۴ء }

مد نقل حکم جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر۔
نسبتہ تحریر صاحب سکریٹری بہادر سروسیز سلکشن بورڈ
بابتہ تقرر صاحبزادہ سید برکت علیخاں بہادر۔

حکم

صاحبزادہ برکت علیخاں کا تقرر محرر سربراہ کاری پر کیا جائے۔ ناصر شاہ خاں بلاسپور تبدیل ہو کر تعیناتی حضور تحصیل میں تعینات ہوں۔ احکام جاری ہوں۔
(دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

محرر سربراہ کار بلاسپور کیلئے ایک جدید جگہ کی منظوری صادر ہو گئی لہذا بہ تعمیل حکم جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر مورخہ ۲۰ رمئی ۱۹۳۴ء صاحبزادہ سید برکت علیخاں سکنہ رامپور تجنیف شدہ کا تقرر بمشاہرہ للعہ محرری پر منظور کیا جاتا ہے اور انکی تعیناتی حضور تحصیل میں کیجاتی ہے اور حضور تحصیل میں ناصر شاہ خاں محرر برخاستہ شدہ کی جگہ نجم الغنی خاں مقرر ہوا ہے انکو یعنی نجم الغنی خاں کو بلاسپور تبدیل کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں تاریخ کارکردگی سے تنخواہ ملیگی۔ یکم اگست ۱۹۳۴ء

(دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

احکام اجلاس صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

تقرر

۱۹ جولائی ۱۹۳۳ء

مثبتہ رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول دربارۂ اجرائے احکام تقرر مولوی عبد الرؤف خانصاحب و عطائے تنخواہ ایام کارکردگی از تاریخ ۱۲ جولائی ۱۹۳۳ء ذریعہ تتمہ برآوردہ

حکم

مولوی عبد الرؤف خانصاحب کا تقرر اسسٹنٹ ہائی اسکول کی خالی آسامی پر بمشاہرہ عہ روپیہ ماہوار بحکم ۳۰ مئی ۱۹۳۳ء کیا گیا ہے۔ حسب رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ یوم کارکردگی سے تنخواہ ملیگی۔ ایام کارکردگی ۱۰ جولائی ۱۹۳۳ء کی تنخواہ ذریعہ تتمہ برآوردہ دلادی جائے۔

دستخط خاص صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

تقرر

۲۱ جولائی ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۳۰ مئی سنہ حال میں بغرض تہذیب و درستی اشیاء محافظ خانہ دار الانشاء رنبا بر چھ ماہ ایک کلرک کے تقرر کی منظوری بمشاہرہ بیس روپیہ ماہوار یوم کارکردگی سے بحکم ۱۰ جولائی سنہ حال ہوچکی ہے۔ محمد احمد خان ۱۰ مئی سنہ حال سے دار الانشاء میں کام کر رہا ہے۔ لہذا نامبردہ کا تقرر بمشاہرہ بیس روپیہ ماہوار ۱۹ مئی سنہ حال سے چھ ماہ کے لئے منظور ہو اور صرف تنخواہ بشائے حکم کونسل انتظامیہ پولیٹیکل ڈیپارٹمنٹ کے بجٹ منظور شدہ سے ہو اگر سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

رخصت

۳۰ جولائی ۱۹۳۳ء

حسب رپورٹ پرنسپل صاحب مدرسہ عالیہ مولوی عبد الحکیم خان مدرس منشی سال اول کی رخصت پندرہ (۱۵) یوم بوجہ علالت از ۲۹ جولائی تا ۱۲ اگست ۱۹۳۳ء بعوض مسعود شاہجہان منشی فاضل وکامل پاس منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط خاص صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

تبادلہ

۳ اگست ۱۹۳۳ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس ممتاز حسین مدرس مدرسہ پرم مشاہرہ دار عہ روپیہ کا تبادلہ مدرسہ ٹنگلہ اردو تحصیل ملک میں اور چھیدا لال مدرس مدرسہ ٹنگلہ اردو تنخواہ دار عہ روپیہ کا تبادلہ مدرسہ پرم میں کیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور

(مورخہ … اگست سنہ ۱۹۳۳ء)

فہرست پیشی مقدمات جن کی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں من ابتدائے ۲۰ جولائی سنہ ۱۹۳۳ء لغایت … اگست سنہ ۱۹۳۳ء ہوئی منظور برائے طبع بمطبع سرکاری کو مرسل ہو۔
(دستخط … چیف جسٹس بہادر)

فہرست پیشی مقدمات جن کی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں من ابتدائے ۲۰ جولائی سنہ ۱۹۳۳ء لغایت … اگست سنہ ۱۹۳۳ء ہوئی

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۲۰ جولائی سنہ ۳۳ء	جمعہ	•	•	•	تعطیل
۲۲ جولائی سنہ ۳۳ء	شنبہ	مسٹر مظفر علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	شکر خاں بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری جرم …	تاریخ پیشی بوجہ رخصت اجلاس … اگست سنہ حال مقرر ہوئی
//	//	مسٹر جسٹس گنگا کشور صاحب بہادر	محمد علی بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری جرم …	آئندہ پیشی برائے سماعت … اگست سنہ حال مقرر ہوئی
//	//	مسٹر مظفر علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس گنگا کشور صاحب بہادر	بابو رام … بنام گنگا …	اپیل دیوانی دعوے …	برائے سماعت … اگست سنہ حال مقرر ہوئی۔
//	//	مسٹر مظفر علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	امجد علی خاں بنام نیت رام	نگرانی دیوانی دعوے …	زیر تجویز
//	//	مسٹر جسٹس گنگا کشور صاحب بہادر	سید ظہور حسن بنام ساہو …	درخواست منسوخی ڈگری یکطرفہ	برائے سماعت … جولائی سنہ حال مقرر ہوئی
//	//	//	نند کشور بنام محمد بشیر خاں	درخواست ترمیم ڈگری	ڈگری میں ترمیم کی گئی
//	//	//	سرکار بہادر بذریعہ فرخ شاہ خاں بنام علی جان خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم نمبر …	برائے سماعت بحث … جولائی سنہ حال مقرر ہوئی
//	//	مسٹر مظفر علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	کنہیا لال و لکھپت سنگھ بنام سرکار بہادر	نگرانی دیوانی نسبت … تعزیرات رامپور	بنا بر کنہیا لال حکم عدالت ماتحت بحال رہا اور بنا بر لکھپت سنگھ منسوخ …
[illegible]	دوشنبہ	مسٹر مظفر علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس گنگا کشور صاحب بہادر	… بنام رمضانی	اپیل دیوانی دعوے …	برائے سماعت … اگست سنہ حال مقرر ہوئی
//	//	مسٹر مظفر علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	علی جان خاں بنام …	نگرانی فوجداری جرم …	برائے سماعت … اگست سنہ حال …
//	//	//	مسماۃ … بنام …	اپیل دیوانی دعوے …	زیر تجویز
//	//	مسٹر جسٹس گنگا کشور صاحب بہادر	مسماۃ … بیگم بنام مسماۃ … بیگم	اپیل دیوانی دعوے …	فیصلہ …
//	//	//	حافظ محمد … بنام …	اپیل دیوانی دعوے …	برائے سماعت … اگست سنہ حال مقرر ہوئی
//	//	مسٹر مظفر علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	… احمد بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم …	اپیل نامنظور ہوا
[illegible]	سہ شنبہ	//	جواد حسین بنام …	اپیل دیوانی دعوے …	زیر تجویز
//	//	//	… بیگم بنام شجاعت علی	نگرانی فوجداری جرم …	//
//	//	//	… خاں بنام …	نگرانی فوجداری جرم …	اس مقدمہ میں … دفعہ … فل بنچ میں پیش … ہوا

[illegible]	دوشنبہ	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام کرم بخش اشرف خان	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ ت	برائے صدور تجویز ۲۱ جولائی سنہ حال ملتوی ہوا
[illegible]	دوشنبہ	مسٹر مظفر علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	احمد علیخاں بنام نیت رام	نگرانی دیوانی دعوی زر قرضہ	نگرانی نامنظور ہوئی۔
″	″	″	احمدی بی بی بنام سرکار بہادر	درخواست انتقال مقدمہ	درخواست منظور ہوئی۔
[illegible]	سہ شنبہ	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام بخشش اللہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۴ ت	جرم ثبوت جرم ۳۰۴ پر حبس دوام کا حکم ہوا
″	″	″	منور حسین بنام شمیم بانی	درخواست شرعی ڈگری یکطرفہ	ڈگری یکطرفہ منسوخ کی گئی۔
″	″	″	محمد رضا خاں وغیرہ بنام کنیز بیگم وغیرہ	نگرانی خفیفہ دعوی [illegible] روپے	برائے سماعت ۱۸ اگست سنہ حال ملتوی ہوئی
″	″	″	سرکار بہادر ذریعہ فرخ شاہ خان بنام علی جان خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ [illegible] ت	زیر تجویز
″	″	″	سرکار بہادر بنام عبدالستار وغیرہ	متفرقات جرم دفعہ [illegible] ت	برائے سماعت ۱۵ اگست سنہ حال ملتوی ہوئی
″	″	مسٹر مظفر علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	منی بی بی بنام نند کشور	اپیل دیوانی دعوی [illegible] روپے	برائے سماعت ۱۸ اگست سنہ حال ملتوی ہوئی۔
″	″	مسٹر مظفر علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	منا کلو بنام پنڈت راجندر [illegible]	اپیل دیوانی نسبت فسخ بیعنامہ	اپیل نامنظور ہوا۔
″	″	″	نجم النساء وغیرہ بنام عبداللطیف خاں	نگرانی خفیفہ دعوی [illegible] روپے	نگرانی نامنظور ہوئی
″	″	″	بہادر خان بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری الزام دفعہ ۱۳ ایکٹ اسلحہ	اپیل نامنظور ہوا۔
″	″	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	منا لال بنام بابو رام شنکر لال	اپیل دیوانی دعوی [illegible] زر اصل و سود	برائے سماعت ۲۰ اگست سنہ حال ملتوی ہوئی
″	″	مسٹر مظفر علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	یاقوتی بیگم بنام [illegible]	نگرانی فوجداری جرم دفعہ [illegible] ت	نگرانی نامنظور ہوئی
[illegible]	چہار شنبہ	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر ذریعہ چینوا بنام جعفر بیگ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ [illegible] ت	بقیہ ثبوت پیش کرنے کے واسطے ۲۰ اگست سنہ حال ملتوی ہوئی
″	″	″	موہن لال بنام رگھنناتھ پرشاد وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی [illegible] روپے	برائے پیشی ۱۹ اگست سنہ حال ملتوی ہوئی
″	″	مسٹر مظفر علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	عبدالستار بنام غلام شبیر	نگرانی دیوانی دعوی [illegible] روپے	زیر تجویز
″	″	″	ظہور الحق بنام حکیم شبیر الدین	نگرانی دیوانی دعوی [illegible]	″
[illegible]	پنجشنبہ	مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر ذریعہ چینوا بنام جعفر بیگ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ [illegible] ت	زیر پیشی
″	″	″	محمد علی بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری جرم دفعہ [illegible]	″
″	″	″	منی لعل بنام بابو رام شنکر لال	اپیل دیوانی دعوی [illegible] زر اصل و سود	″
″	″	مسٹر مظفر علیخاں صاحب چیف جسٹس و مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	سیط نبی بنام شاہ محمدی بیگم	اپیل دیوانی دعوے اعادہ حقوق زوجیت	″
″	″	مسٹر مظفر علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	[illegible] خان بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری جرم دفعہ [illegible]	″
″	″	″	علیجان بنام [illegible] خاں	نگرانی فوجداری جرم دفعہ [illegible]	″
″	″	″		استصواب متعلق دفعہ [illegible] ضابطہ فوجداری	″

احکام اجلاس صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

رخصت

واقع ۲۳ ؍ جولائی ۱۹۳۲ء

ثبتہ تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل دربارہ منظوری رخصت مزید رعایتی چار یوم مطلوبہ مسمی مدن لال گماشتہ اکاؤنٹ آفس شاہرہ دار پندرہ روپیہ از ۱۹ ؍ لغایتہ ۱۹ ؍ جولائی ۱۹۳۲ء سلسلۂ رخصت سابقہ۔ بوجہ علالت نامبردہ بذمہ داری جگل کشور گماشتہ

حکم

مزید رخصت چار یوم منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

رخصت

واقع ۲۳ ؍ جولائی ۱۹۳۲ء

ثبتہ تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل دربارہ منظوری رخصت مزید ایک ماہ مطلوبہ مسمی انوار حسین خاں المد اکاؤنٹ آفس شاہرہ دار پندرہ روپیہ از ۲۳ ؍ جولائی ۱۹۳۲ء لغایت ۲۲ ؍ اگست ۱۹۳۲ء سلسلۂ انتظام سابقہ بوجہ تقاضائے علالت مادر نامبردہ جسکو بغرض علاج امتحام ریاست اندر سے گیا ہے۔

حکم

با نتظام سابقہ مزید رخصت رعایتی ایک ماہ ۲۳ ؍ جولائی ۱۹۳۲ء سے منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

رخصت

واقع ۲ ؍ اگست ۱۹۳۲ء

ثبتہ تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل دربارہ منظوری رخصت اتفاقیہ دس یوم مطلوبہ محمد شفیع خاں سینیر سپرنٹنڈنٹ اکاؤنٹ آفس مشاہرہ دار ایک سو پینتیس روپیہ بغرض روانگی وطن رلدھیانہ بوجہ علالت والدہ خود بذمہ داری منشی عبدالکبیر خاں سپرنٹنڈنٹ۔

حکم

دس یوم ماہ حال سے رخصت مطلوبہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

حکم اجلاس سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی

منسوخی رخصت

واقع ۲۶ ؍ جولائی ۱۹۳۲ء

مثبتہ رپورٹ منصرم صاحب محتاج خانہ و یتیم خانہ بابتہ تنسیخ رخصت یکماہہ رعایتی منظور شدہ غلام صمدانی محرر محتاج خانہ بوجہ عدم استفادہ معہ تحریر افسر صاحب نگران محتاج خانہ و یتیم خانہ۔

حکم

رخصت رعایتی یکماہہ غلام صمدانی محرر محتاج خانہ و یتیم خانہ جو منظور ہو چکی ہے بوجہ عدم استفادہ منسوخ کیجاتی ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی

نقشہ اجناس ریاست رامپور بابتہ ہفتہ اول ماہ اگست سنہ ۱۹۳۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۱۳ار	۰۱۱ار	۰۱۲ار ۱۳ار	۱۳ار	۱۳ار	
نخود خاص		۰۱۵ار	۱۶ار	۱۸ار	۱۵ار	۱۵ار	
نخود کشت آمیز		۰۱۶ار	۱۷ار	۱۹ار	۱۵ار	۱۶ار	
ت		۰	۰۱۷ار	۲۰ار	۱۶ار	۱۷ار	
شس		۰۱۳ار	۱۳ار	۱۳ار	۱۳ار	۱۳ار	
مونگ		۰۱۲ار	۰	۰	۰	۱۲ار	
تکا		۰	۰	۰	۱۸ار	۰	
جئی		۰	۰	۰	۲۰ار	۲۲ار	
گوجئی		۰	۰	۰	۱۶ار	۱۸ار ۲۰ار	
عدس		۱۴ار	۱۴ار	۱۶ار	۱۵ار	۱۴ار	
ارہر		۱۵ار	۱۴ار ۱۶ار	۱۳ار	۱۴ار	۱۵ار	
برنج		۹ار ۸ار	۹ار	۹ار ۰۹ار	۹ار	۱۰ار	
روغن زرد		۱۲چھٹانک	۱۲چھٹانک	[illegible]	۱۲چھٹانک	۵۰ ۱۱۱ار	
روغن سیاہ		۰۳ار ۰۲ار	۰۳ار	۰۲ار	۳ار	۰۳ار	
روغن کنجد		۰۳ار	۳ار	۳ار	۰۳ار	۰۲ار	
نمک سامبر		۹ار	۰۹ار	۹ار	۱۰ار	۰۹ار	
نمک لاہوری		۸ار	۶ار	۷ار	۰	۸ار	
قند سیاہ		۶ار	۶ار	۰۶ار	۵ار	۶ار	
بسرہ		۰	۰	۰	۰	۰	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۲۷ لغایت ۲ اگست ۱۹۳۴ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد	میزان	تعداد	میزان	تعداد	میزان	تعداد	میزان	تعداد	میزان	تعداد	میزان
۲۷ جولائی ۱۹۳۴ء یوم	۰	۱۴۰	۱۶	۲۲۲¾	۰	۱۸۵¼	۳	۸۰	۰	۱۳۷	۰	۲۱۵
۲۸ جولائی ۱۹۳۴ء یوم	۶	۱۴۶	۰	۲۲۳¾	۲	۱۸۷¼	۱½	۸۱½	۱	۱۳۸	۰	۲۱۵
۲۹ جولائی ۱۹۳۴ء یوم	۰	۱۴۶	۱	۲۲۴¾	۰	۱۸۷¼	۱	۸۲½	۰	۱۳۸	۰	۲۱۵
۳۰ جولائی ۱۹۳۴ء یوم	۰	۱۴۶	½	۲۲۵¼	نقشہ نہیں آیا		نقشہ نہیں آیا		۲	۱۴۰	نقشہ نہیں آیا	
۳۱ جولائی ۱۹۳۴ء یوم	۰	۱۴۶	۰	۲۲۵¼	بشرح صدر		بشرح صدر		۱	۱۴۱	بشرح صدر	
یکم اگست ۱۹۳۴ء یوم	۰	۱۴۶	۰	۲۲۵¼	بشرح صدر		بشرح صدر		نقشہ نہیں آیا		بشرح صدر	
۲ اگست ۱۹۳۴ء یوم	۰	۱۴۶	۰	۲۲۵¼	بشرح صدر		بشرح صدر		بشرح صدر		بشرح صدر	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور